بسم الله الرحمن الرحيم

نام: مسائل نمازِ جنازہ

مصنف: محدث العصر حافظ زبیر علی زئی رحمہ اللہ

ترتیب وکمپوزنگ: عبدالرؤف ہانجی السّلفی

ناشر: ادارہ دارالسّلفیہ خیر پورہ آرونی

ہدیہ: ۱۵ روپیہ [نفع ادارہ کے کھاتے میں جائے گا]

اشاعتِ اول: جنوری ۲۰۱۵ء [دوہزار]

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

e-mail:armanraouf777@gmail.com

whatsapp=+918803045299

# عرضِ ناشر

دینِ اسلام کا سیکھنا اور اس کی اشاعت ہر مسلمان پر فرضِ عین ہے۔ تبلیغِ دین ایک عظیم عبادت ہے اور اس خدمت کے لئے اللہ تعالیٰ جس کو چُن لے اور پھر وہ اپنی ڈیوٹی احسن طریقے سے انجام دے تو وہ کامیاب انسان ہے۔ ادارہ دارالسّلفیہ اگرچہ ابھی اپنی ٹانگوں پر کھڑا ابھی نہیں ہوا ہے تاہم ہمیں اپنی ذمہ داری کا احساس ہے۔ ہم حتی الامکان فریضۂ تبلیغِ دین کو ادا کرنے میں کوشاں ہے۔ اسی سلسلہ کی ایک اور کوشش پیشِ خدمت ہے۔

جنائز کا موضوع ایک اہم موضوع ہے جس پر ایک جامع کتاب مستقبل قریب میں ترتیب دی جائے گی۔ ان شاءاللہ

فی الحال ادارۂ دارالسّلفیہ خیر پورہ، محدث العصر علامۃ حافظ زبیر علی زئی رحمہ اللہ کا ایک مختصر مگر جامع مقالہ چھاپنے کی سعادت حاصل کررہا ہے۔حافظ صاحب نے اس میں حسبِ عادت صرف صحیح اور حسن لذاتہ روایات سے استدلال کیا ہے۔ہم نے مقالہ امانت داری کے ساتھ بغیر کسی کمی یا زیادتی کے نقل کیا ہے۔اصل مقالہ میں حواشی صفحہ کے نچلے حصہ میں دی گئی تھی ۔ چھوٹے سائز کی وجہ سے ہم نے ان پر نمبرنگ دے کر الگ صفحات پر نقل کیا ہیں۔نمازِ جنازہ میں صرف ایک طرف سلام پھیرنے پر لوگوں میں اختلاف پایا جاتا ہے اس لئے ہم نے اس پر الگ مضمون تحریر کیا ہے۔ واضح رہے کہ مذکورہ مضمون حافظ صاحب کا نہیں بلکہ ہم نے آپ کی دوسری

(۲) حماد بن ابی سلیمان آخری عمر میں اختلاط کے شکار ہو گئے تھے [دیکھئے: طبقات ابن سعد: ج٦ ص ٣٢٥ ت 2497] یہ معلوم نہیں کہ یہ روایت قبل از اختلاط ہے یا بعد از اختلاط۔

(3) المعجم الاوسط للطبرانی [ح 4337] میں ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب مرفوع روایت:

اس روایت میں خالد بن نافع الاشعری راوی ضعیف ہے۔ اسے امام ابو زرعہ الرازی، امام ابو حاتم الرازی اور امام نسائی وغیرہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ [الجرح والتعدیل ج٣ ص ٣٥٥ ت 1604 / کتاب الضعفاء للنسائی: ص ٣٦ ت 169]

اس روایت کو علامہ البانی رحمہ اللہ نے غلطی سے حسن قرار دیا

